۳۔ "اردو میں اصول تحقیق"

جلد اول ۱۹۸۶ء، جلد دوم ۱۹۸۸ء

مؤلف: ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش

ناشر: مقتدرۂ قومی زبان، اسلام آباد۔

مبصر: مسز رابعہ اقبال

مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد کی طرف سے ایک مجموعہ مقالات "اردو میں اصول تحقیق" دو جلدوں میں چھپ کر سامنے آیا ہے۔ جلد اول ۱۹۸۶ء میں اور جلد دوم ۱۹۸۸ء میں۔ اس کی مرتب ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش ہیں۔

پہلی جلد تحقیقی اصول اور طریق کار کی توضیحات سے متعلق ہے، دوسری جلد میں ادبی تحقیق کے جائزے اور اطلاقی تحقیق سے متعلق منتخب مقالات پیش کیے گئے ہیں۔ ان دونوں جلدوں میں ہند و پاک کے کم و بیش تمام محققین و متخصصین کی علمی کاوشوں کو نمایاں طور پر جگہ دی گئی ہے۔ ان میں تحقیق کے طریق کار، فن تحقیق اور اس کے اقسام، موضوع کے انتخاب، مواد کی فراہمی، مواد کی ترتیب، تحقیق متن اور تصحیح متن جیسے اہم مسائل کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ادبی تحقیق کے مفصل جائزے پیش کیے گئے ہیں، جن سے برصغیر میں اردو کے تحقیقی کاموں کی پیش رفت کا اندازہ ہوتا ہے۔ جن فضلاء کے مقالے شامل کیے گئے ہیں وہ تحقیق کی قدآور شخصیتیں ہیں۔

دور حاضر میں اردو تحقیق کے مختلف مراحل کی سائنٹفک خطوط پر استوار کرنے کی یہ ایک قابل ستائش کوشش ہے۔ ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش بجا طور پر اپنے اس کام کے لیے مبارکباد کی مستحق ہیں وہ ایک اچھی محقق ہیں اور اردو تحقیق کا صحیح ذوق رکھتی